نمبر ۴۲ جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳۰ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر [illegible] سائنس ٹیچر	۱
۲	سبکدوشی از خدمات منشی نیاز علی صاحب محرر [illegible] —	"
۳	منظوری [illegible] صاحب [illegible] انسپکٹری پولیس	۲
۴	[illegible] تعمیل حکم [illegible] باشندہ بیرون ریاست —	"
۵	[illegible] خدمات [illegible] تحصیلات —	"
۶	[illegible] صاحب [illegible] —	"
۷	[illegible] —	۳
۸	نظام شفاخانہ [illegible] قصبہ بلاسپور —	"
۹	رخصت [illegible] بیگم [illegible] —	"
۱۰	تقرر [illegible] مدرسہ [illegible] —	۳
۱۱	توسیع مدرسہ [illegible] مدرسہ [illegible] —	"
۱۲	[illegible] کلاس [illegible] اسکول —	"
۱۳	[illegible] کتب [illegible] —	"
۱۴	[illegible] سب انسپکٹر پولیس —	"
۱۵	مستقلی [illegible] انسپکٹر	"
۱۶	نقشہ حیات ممات — نقشہ بارش — نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

حسب استدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر — گوند سرن بی اے ایس سی ایل ٹی کا تقرر ہائی اسکول مین درجہ سائنس کے لئے بمشاہرہ یکصد دس روپیہ ماہوار بموجب شرائط مندرجہ عرضداشت ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء سے منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض

جناب عالی

ہائی اسکول مین ٹرینڈ سائنس ٹیچر کا تقرر اس لئے ضروری ہے کہ بورڈ تعلیم صوبہ متحدہ نے سائنس کلاس کی منظوری اس شرط پر کیا ہے کہ ٹرینڈ ٹیچر رکھا جائے۔ سائنس ٹیچر ٹرینڈ کے دستیاب ہونے مین سخت دشواریان پیش آتی ہین۔ ایک ٹیچر کا تقرر بھی ہوا لیکن وہ دو چار روز کام کرکے چلا گیا۔ اب گوند سرن بی ایس سی ایل ٹی کا تقرر ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء سے بشرائط ذیل کیا گیا ہے۔

(۱) ابتدائی تنخواہ ایکسو دس روپیہ ماہوار دیجائیگی۔ اور دس روپیہ سال اضافہ دیا جائیگا۔ یہانتک کہ انتہائی تنخواہ [illegible] ہو جائے۔

(۲) سال بھر مین دس یوم کی رخصت رعایتی اور چیف میڈیکل افسر ریاست کے سارٹیفکٹ سے چودہ یوم کی رخصت بیماری پوری تنخواہ کے ساتھ ملیگی۔

۳- اگر ملازمت ترک کرنا ہوگی تو ایک ماہ کا نوٹس دینگے - اسی طرح ریاست اگر انکو علحدہ کرنا چاہیگی تو ایک ماہ کا نوٹس انکو دیا جائیگا یا ایک ماہ کی تنخواہ انکو دیجائیگی

لہذا عرضداشت ہذا بسید صدور حکم منظوری تقرر ارسال اجلاس ہمایون ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - ۳ اکتوبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۶ اکتوبر ۱۹۲۸ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

منشی امتیاز علیخان ممبر بورڈ آف اکونٹ ملازمت سے سبکدوش کئے جائین - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۶ اکتوبر ۱۹۲۸ء

احمد علیخان سب انسپکٹر ابکاری کا تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ صیغہ پولیس مین سب انسپکٹری پر منظور ہے -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرا احکام صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

بغرض اجرا احکام سررشتہ صدر مین مرسل ہو - ۸ اکتوبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۶ اکتوبر ۱۹۲۸ء

قبل ازین حکم جاری ہو چکا ہے کہ ہر صیغہ مین جو نئی اسامی خواہ کسی تنخواہ کی ہو ملازم باشندۂ ریاست ہی

رکھا جائے تو اسکے تقرر کے لئے اول اجلاس ہمایون سے منظوری حاصل کیجایا کرے۔ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نے سررشتہ تعلیم کو اس حکم سے مستثنے کرنیکی درخواست کی ہے کیونکہ مدارس میں کوالیفائیڈ ٹرینڈ مدرسین درکار ہیں - ایسے مدرسین ریاست میں بہت کم دستیاب ہوتے ہیں - نیز مدارس متعلقات کے مدرسین کا عزل و نصب کثرت سے ہوتا رہتا ہے اسکے تقرر کی منظوری حاصل کرنے میں طول و ناخیر ہوگی البتہ اگر کوئی ٹرینڈ مدرس باشندۂ ریاست ہی ملسکیگا تو اسکو ترجیح دیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

حسب مستدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سررشتہ تعلیم کو اس حکم سے مستثنے کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۴ اکتوبر ۱۹۲۸ء

سابق مین مقدمات ایکٹ مویشی کی سماعت تحصیلات کے مجسٹریٹون کے متعلق تھی۔ اب تھوڑے زمانہ سے اسکا تعلق صاحب ملٹری سکریٹری بہادر سے ہو گیا ہے - اور وہ خود تحصیلات میں جا کر ان مقدمات کی سماعت کرتے ہین جو ایک طول عمل ہے - صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی تجویز ہے کہ مثل سابق تحصیلات کے مجسٹریٹون کے متعلق ایکٹ مویشی کے ہونے مین سہولت رہا تھا اور یہ اسلوبی کار متصور ہو - لہذا برائے آیندہ مقدمات ایکٹ مویشی کی سماعت کے اختیارات تحصیلات کے مجسٹریٹون کو بدستور سابق دیا جانا منظور کیا جاتا ہے - صاحب ملٹری سکریٹری بہادر سے ان مقدمات کا اب کوئی تعلق نہ رہیگا - جملہ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۹ اکتوبر ۱۹۲۸ء

بنظر مناسب - منشی امتیاز علیخان کو ممبر بورڈ آف اکونٹ کی اسامی پر بحال کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۵؍اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

مسبنہ رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر در بارہ اضافہ تنخواہ منشی شبیر علیخان سپرنٹنڈنٹ صفائی کی مبلغ سے تنخواہ میں سال گذشتہ میں دو روپیہ اضافہ ہوئے تھے لہٰذا بجٹ ممکن گنجائش نہیں ہے۔ پانچ روپیہ ماہوار تنخواہ نامبردہ میں اضافہ فرمائے جائیں۔

حکم

شبیر علیخان سپرنٹنڈنٹ صفائی کی موجودہ تنخواہ میں آٹھ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔ آئندہ سے چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر - واقع یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

تحصیل بلاسپور میں نو آبادکاران کے واسطے جداگانہ شفاخانہ کا انتظام ہے۔ اور ڈاکٹر بھی رکھا گیا ہے۔ سال گذشتہ میں خرید ادویہ کے واسطے مبلغ ... کا تخمینہ بجٹ میں رکھا گیا تھا۔ ہیں سے سامان ... کی ادویہ کی خرید کا حکم ہوا ہے لیکن اسوقت مجکو یہ نہیں معلوم ہوا کہ جو ادویہ بذریعہ انڈنٹ خرید ہو کر شفاخانہ میں پہنچیں ان سامان کی جانچ و نگرانی کا کون ذمہ دار ہے اور موجودات اور صرف کی کون جانچ کرتا ہے جسکی معلوم ہونیکی ضرورت ہے۔ اور بنظر آگاہی حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

۱- سال گذشتہ میں جسقدر ادویہ خرید کی گئی ہیں انکی موجودات و صرف کو ایک گوشوارہ کی صورت میں دکھایا جائے اور مبلغ ... کی خرید ادویہ کی جو کل منظوری دیگئی ہے جسوقت یہ ادویہ تحصیل میں پہنچیں تحصیلدار صاحب انکا میلان انڈنٹ سے کرکے درج رجسٹر موجودات کرائیں اور انڈنٹ پر انکی تصدیق کریں۔

۲- آئندہ جسقدر ادویہ خرید ہوا کریں اور تحصیل میں پہنچیں تحصیلدار صاحب خود انکا میلان انڈنٹ سے کرکے درج رجسٹر موجودات کرایا کرینگے۔ اور ہر انڈنٹ پر انکی تصدیق کرینگے اور جو خلاف ہوگا اسکا نوٹ دینگے۔

۳- تحصیلدار صاحب وقتاً فوقتاً رجسٹر موجودات ادویہ و رجسٹر صرف کا معائنہ کرکے موجودات کی جانچ کرینگے۔ اور ہر رجسٹر پر اپنا نوٹ معائنہ لکھا کرینگے۔

۴- تحصیلدار صاحب ہر ماہ کے ہفتہ اول میں ایک گوشوارہ موجودات ادویہ و صرف کا مرتب کراکے ہمارے ملاحظہ کے واسطے بتوسط افسر صاحب نو آبادی بھیجا کرینگے اور نامبردہ اسکے دستخط ہوا کرینگے۔

۵- افسر صاحب نو آبادی جب کبھی دورہ میں یا کسی ضرورت سے تحصیل میں جائیں تو وہ بھی ادویہ کی موجودات و صرف وغیرہ کی جانچ کرکے معائنہ مفصل بغرض ملاحظہ بھیجا کرینگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تعمیل بخدمت افسر صاحب نو آبادی مرسل ہو اور لکھا جائے کہ حسبنا حکم تعمیل ہوا کرے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲؍اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر حاکم صاحب صدر در بارہ منظوری رخصت مزید ۱۵ یوم صاحبزادہ سید ضیاء اللہ خان بہادر نائب پرگنہ سوار من ابتداء ۱۶؍ستمبر لغایت ۳۰؍ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء بانتظام سابقہ بعوض غلام قادر خان۔

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر۔ رخصت مزید سائل من ابتداء ۱۶؍ستمبر سنہ حال لغایۃ ۳۰؍ستمبر سنہ حال بانتظام موجودہ منظور ہے۔ ختم رخصت کے بعد کاغذات آئے ہیں آئندہ ختم رخصت سے قبل کاغذات آنا چاہئیں۔ برائے اجراء احکام بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۹؍اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

مدرسہ مڈل میں تین مدرسین کی جگہ بالفعل خالی ہے۔ لہٰذا ایک جگہ پر سیہ رام رچپال انٹرنس پاس کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ بمشاہرہ مبلغ ۳۰ تنخواہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور کیا گیا۔ اور دوسری جگہ پر سالک حسین ولد سجاد حسین ساکن دھوڑی ضلع بیرکھا انٹرنس پاس کا تقرر ۳۰ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء سے کیا گیا۔ اس تقرر کی منظوری اجلاس ہمایون سے حاصل کرلی گئی ہے۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۹ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - سید احمد مدرس مدرسہ نانکار رانی تحصیل سوار اور سے کلن مدرس مدرسہ بھنگیا تحصیل سوار کی ملازمت غیر مستقل میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۹ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

ذوالفقار حسین غیر مستقل کلارک ہائی اسکول کی ملازمت میں ۲۲ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے تین ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

مکتب گھیر طو خان کی نسبت انسپکٹر صاحب مدارس کی رپورٹ ملاحظہ ہوئی - بالفعل اس مکتب کو دیگر مدارس کی صورت میں ترقی نہیں دیجاسکتی - اگر مکتب کی حالت موجودہ حالت سے بہتر ہوگئی تو بعد امتحان سالانہ اسپر غور کیا جائیگا - چونکہ اس مکتب میں صرف دو مدرس ہیں اور درجہ چہارم تک جماعت بندی ہوچکی ہے اس لئے دو مدرسوں سے کام چلنا دشوار ہے - لہذا ایک مدرس کا اضافہ کرکے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے -

۱ - عبدالرحیم خان مدرس اول مکتب مذکور تنخواہ دس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے - اور نامبردہ کی ملازمت غیر مستقل میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کیجاتی ہے -

(۲) ظفر احمد چہارم پاس ساکن رامپور محلہ گھیر علی حسین خان کا دس روپیہ ماہوار تنخواہ پر ابتک آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک مدرس دوم مکتب گھیر طو خان میں تقرر کیا گیا -

۳ - ولایت حسین خان مدرس قرآن شریف مکتب گھیر طو خان کے کام کی شکایت انسپکٹر صاحب مدارس کے نوٹ معائنہ مورخہ ۳ر جولائی ۱۹۲۸ء سے ظاہر ہے نامبردہ قرآن شریف کی تعلیم بھی اب ٹھیک طور پر نہیں دیسکتا - اور اہل محلہ بچے لڑکے پڑھتے ہیں وہ بھی نامبردہ کی خرابی تعلیم کے شاکی ہیں - پہلے بھی یہ مدرس بوجہ خرابی کام برخاست ہوچکا ہے اور دوبارہ اسکو یہ موقع دیا گیا تھا مگر اسکا کام درست نہیں ہوا - نیز بوجہ پیرانہ سالی وضعف بصارت بھی وہ کام نہیں کرسکتا - لہذا ولایت حسین خان مدرس قرآن شریف مکتب گھیر طو خان کو برخاست کیا گیا - اور انسپکٹر صاحب مدارس دوسرا امیدوار نامبردہ کی جگہ کے لئے تلاش کرکے تقرر کی رپورٹ پیش کریں لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

واقع ۴ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مورخہ ۳ر اکتوبر ۱۹۲۸ء میں مضمون پیش کرکے اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے ارشاد فرمایا کہ شمسون علی صاحب انسپکٹر برخاست کیا جائے - اور سب انسپکٹر زاہد علی بیگ سے نامبردہ دس روپیہ ماہوار کے پانچ روپیہ کم کردے جائیں - [illegible] کا ہیڈ کانسٹبل رہیگا -

تحریر مسلکہ ہذا ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۸ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

استدعائے محمد احمد خان سینیٹری انسپکٹر پر انچارج ہیلتھ افیسر صاحب نے سفارش کی ہے صاحب چیف میڈیکل افیسر صاحب بھی متفق ہیں - لہذا

حکم ہوا کہ

تاریخ امروزہ سے محمد احمد خان سینیٹری انسپکٹر کو مستقل کیا جاتا ہے - اصل کاغذات بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہوں - ذریعہ روبکار ہذا ہیلتھ افیسر صاحب کو مطلع کیا جائے -

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اگست ۱۹۲۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	[illegible]	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے کم		۱ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵	۱۰	۱۴	۱۱	۴۳	۴۲	۲۲	۲۸	۲۸	۰	۰	۴۲	۱۹	۵۰	۴۷	۴۱	۲۵	۱۰	۲	۰	۴۳	۱	۰	۰	۵۶	
گنج	۱۶	۰	۱۴	۳	۳۵	۳۱	۴	۳۲	۹	۱	۰	۱۵	۱۸	۴۸	۲۶	۶۵	۱۰	۳	[illegible]		۲۷	۰	۰	۰	۶۵	
ترالہ شہر	۲۵	۳۳	۱۲	۲۳	۶۵	۴۱	۵۴	۵	۵	۱	۳	۱۱	۹	۱۶	۱۶	۱۳	۲۱	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۰	۳۷	
عظیم نگر	۲۳	۲۴	۱۹	۱۰	۶۸	۴۲	۲۶	۱۲	۳	۰	۱	۹	۴	۱۸	۱۰	۱۸	۱۰	۰	۰	۰	۲۶	۱	۰	۰	۲۸	
شاہ آباد	۹	۵۸	۱۶	۶۱	۱۴۵	۲۶	۱۱۹	۳	۰	۳	۱	۱۳	۳	۳۰	۱۱	۱۹	۲۵	۱	۱	۰	۲۸	۱	۰	۰	۳۱	
پٹوائی	۱۳	۴۰	۰	۳۳	۱۰۴	۲۵	۴۲	۸	۳	۰	۱	۲	۱	۱۳	۱۵	۴	۲۵	۱	۰	۰	۲۸	۱	۰	۰	۲۹	
ملک	۱۳	۸۱	۸	۵۵	۱۵۹	۲۲	۱۳۶	۱۳	۱۱	۴	۱	۱۸	۱۲	۲۶	۲۹	۹	۵۳		۰		۱۹	۲	۱	۰	۲۲	
بلاسپور	۱۵	۱۲	۹	۹	۴۹	۲۳	۲۵	۳	۱۱	۴	۲	۱۹	۱	۲۴	۱۹	۲۸	۱۹		۰	۴۹	۰	۳	۰	۰	۴۹	
کیمری	۲۰	۳۰	۱۰	۲۵	۹۳	۳۸	۵۵	۵	۳	۱	۱	۲۳	۱۲	۱۹	۱۹	۱۴	۱۳	۰	۰	۰	۳	۵	۰	۰	۳۵	
سوار	۱	۱۲	۳	۴	۲۹	۱۳	۱۶	۱	۰	۲	۰	۰	۳	۳	۲	۳	۲	۰	۰	۰	۵	-	-	-	۵	
ٹانڈہ	۲۳	۲۱	۲۶	۱۶	[illegible]	۴۵	۲۰۶	۱۳	۹	۳	۲	۶	۱۱	۲۰	۲۲	۳۹	۱۳	۳	۰	۰	۲۸	۰	۱	۰	۴۲	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ اول ماہ اکتوبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		[illegible]	[illegible]		۱۵	تحصیل شاہ آباد و سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	[illegible]		۱۶	۱۷		۱۰٫۵	
نخود گندم آمیز	۱۰٫۶		۱۰٫۲	۶٫۶		۹	
گرینہ	۱۰٫۶		۱۰	۱۰٫۸		۱۰٫۶	
ماش	۰		۸	۵٫۴		۱۱٫۴	
مونگ	۱۰٫۴		۰	۰		۴	
مکا	[illegible]		۱۰٫۶	۸		۶	
جو	۸		۰	۰		۹	
گوجئی	۹		۰	۰		۸	
عدس	۱۰٫۵		۰	۷		۵	
ارہر	۶		۰	۶		۶	
برنج	[illegible]		۴	[illegible]		۵	
روغن زرد	۱۰ چھٹانک		۹ چھٹانک	۹ چھٹانک		۹ چھٹانک	
روغن سیاہ	۰		[illegible]	۱		۱	
روغن تلخ	۰		۰	۱		۱	
نمک سانبھر	۰		۱۲	۱۱		۱۲	
نمک لاہوری	۰		۶	۰		۸	
قند سیاہ	۰		۴	۴		۳	
باجرہ	۷		۰	۰		۶	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۸ ستمبر لغایت ۴ اکتوبر ۱۹۲۸ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ: تعداد بارش	صدر عالیہ: افزون	تحصیل بلاسپور: تعداد بارش	تحصیل بلاسپور: افزون	تحصیل سوار: تعداد بارش	تحصیل سوار: افزون	تحصیل شاہ آباد: تعداد بارش	تحصیل شاہ آباد: افزون	تحصیل ملک: تعداد بارش	تحصیل ملک: افزون	تحصیل ٹانڈہ: تعداد بارش	تحصیل ٹانڈہ: افزون
۲۸ ستمبر ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	۰	۲۴۴	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۲۹ ″ ″ ″ شنبہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	۰	۲۴۴	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۳۰ ″ ″ ″ یکشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	۰	۲۴۴	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	۰	۲۴۴	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۲ ″ ″ ″ سہ شنبہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	۰	۲۴۴	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۳ ″ ″ ″ چہارشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	۰	۲۴۴	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۴ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۲۳۳	نقشہ نہیں آیا		″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸